<u>قرار داد</u>

<u>نمبر134</u>

مورخہ 20 ستمبر 2017

نمبر-- ص ا ب/س /2015/17/2

بخدمت-- جناب چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان ،کوئٹہ۔

موضوع-- قرارداد نمبر 134

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 14 ستمبر 2017 میں منظور شدہ قرارداد نمبر 134 منجانب ،محترمہ ثمینہ خان رکن ،بمر اطلاع و ضروری کارروائی ارسال خدمت ہے۔

ہر گاہ صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور سرکاری آفیسران کو اکثر سرکاری /نجی دوروں اور علاج و معالجہ کی غرض سے کراچی جانا پڑتا ہے۔جبکہ بلوچستان ہاؤس کراچی میں چار کمرے ہونے کی بنا اس میں رہائش اور ٹرانسپورٹ کے سلسلے میں سخت تکالیف و مشلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر وہ مجبورٍٍ ًامہنگے ہوٹلوں میں رہائش اختیار کرتے ہیں جس کا حکومتی خزانے پر بوجھ پڑتا ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سےسفارش کرتا ہے۔ کہ وہ صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور سرکاری آفیسران کو درپیش تکالیف و مشکلات کو مد نظر رکھتے ہوئے فوری بلوچستان ہاؤس اسلام آباد کی طرز پر کراچی میں ایک بڑے بلوچستان ہاؤس کی تعمیر کو یقینی بنائے۔